# 106563 ـ کیا احرام والے شخص کے لیے غسل کرنا اور احرام کی چادریں تبدیل کرنا جائز ہے؟

**سوال**

کیا احرام والا شخص صفائی ستھرائی کے لیے غسل کر سکتا ہے؟ اور کیا وہ احرام کی چادریں تبدیل کر سکتا ہے؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

"محرم کے لیے صفائی ستھرائی کی غرض سے غسل کرنا جائز ہے؛ کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ و سلم سے ثابت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ و سلم نے احرام کی حالت میں غسل فرمایا، اسی طرح احرام والا شخص میلی یا پرانی چادروں کی جگہ پر زیادہ صاف یا نئی چادریں بھی لے سکتا ہے، اسی طرح اے سی جیسے اسبابِ راحت اور سکون سے بھی مستفید ہو سکتا ہے" ختم شد

مجموع فتاوى ابن عثیمین : (22/144)